آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 30ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں آج لندن میں اجتماع ہوگا۔
اجتماع سے بانی وقائدالطاف حسین خطاب کریں گے

لندن۔۔۔12جون2008ء

ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 30ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں کل بروز جمعہ 13 جون کولندن میں اجتماع منعقدکیاجائے گا جس سے بانی وقائدجناب الطاف حسین فکرانگیز خطاب کریں گے۔یوم تاسیس کا یہ اجتماع لندن کے علاقے ایجویئر میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے بالمقابل واقع وی آئی پی لاؤنج واقع 47ہائی اسٹریٹ ایجویئر مڈل سیکس پوسٹ کوڈ HA8 7DD میں شام 6 بجے ہوگا۔یوم تاسیس کے انعقادکے سلسلے میں ایم کیوایم یوکے کی جانب سے اجتماع کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔اس سلسلے میں ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش کی صدارت میں ہواجس مین اجتماع کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

متحدہ قومی موومنٹ آئندہ مالی سال کے بجٹ پراپناردعمل ایک دوروز میں پیش کردے گی

کراچی۔۔۔12،جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ آئندہ مالی سال کے بجٹ پراپناردعمل ایک دوروز میں پیش کردے گی۔تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ،حکومت کی جانب سے پیش کردہ بجٹ برائے سال2008-09ءکاتفصیلی جائزہ لے رہی ہےاورتفصیلی جائزے کے بعد ایک دوروز میں بجٹ کے حوالہ سےاپناردعمل ظاہرکرے گی۔

بنارس چوک پربننے والافلائی اووراس پرسے ہرگزرنے والےکوباچاخان کی یادکےساتھ ساتھ الطاف حسین کا پیاربھی یاددلاتارہےگا،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی۔۔۔12،جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردارخان اوراراکین نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بنارس چوک پربننے والےفلائی اوورکا نام پختون رہنمااورخدائی خدمت گارباچاخان کے نام سے منسوب کرنے کی ہدایت کازبردست خیرمقدم کیاہےاوراس ہدایت کوتمام پختونوں کیلئےباعث فخرقراردیاہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نےکہاکہ بنارس چوک پربننے والافلائی اووراب باچاخان فلائی اوورکہلائے گاجوحق پرستوں کایقیناًایک بہت بڑاکارنامہ ہے۔انہوں نےکہاکہ یہ عمل قائدتحریک جناب الطاف حسین کی وسیع القلبی اورپختونوں سے پیارومحبت کوظاہرکرتاہےاوربنارس چوک پربننے والےفلائی اوورپرسے ہرگزرنے والےکوباچاخان کی یادکے ساتھ ساتھ الطاف حسین کاپیاربھی یاددلاتارہےگا۔انہوں نےکہاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے پختونوں کے بنیادی مطالبات کالاباغ ڈیم اورصوبہ سرحدکانام پختون خواہ رکھنے کیلئےہرفورم پران مطالبات کی نہ صرف حمایت کی بلکہ ان کیلئےعملی جدوجہدبھی کی اورآج وہ مطالبات بھی حل ہوگئے ہیں اریہ بات ایک مرتبہ پھرثابت ہوچکی ہےکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین جوکہتے ہیں وہ عملی طورپرکرکےبھی دکھاتے ہیں۔انہوں نےقائدتحریک جناب الطاف حسین کایقین دلایاکہ پختون ایک غیرت مندقوم ہےاوراپنے محسن کونہیں بھلاتی اورآنے والے وقتوں میں جناب الطاف حسین کوبھی ہرپختون اپنےمحسن کی حیثیت سے یادرکھےگا۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کےاراکین نےپختون قوم کو بھی بنارس چوک پربننے والےفلائی اوورکانام باچاخان رکھنے پرمبارکبادپیش کی اوران سے اپیل کی کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں اورسازشی عناصرکی سازشیوں سے ہوشیاررہیں۔

ایم کیو ایم لانڈھی، کورنگی سیکٹر کے کارکنان اور جمشید ٹاؤن کے حق پرست کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔12، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن اصغر کی والدہ محترمہ زرینہ خاتون، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن شکیل کے والد نیاز پرویز اور جمشید ٹاؤن یوسی 7 کے حق پرست کونسلر انور عالم کے بھائی محمد انعام اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

علامہ سید شاہ تراب الحق قادری کے بھائی سید شاہ سیف اللہ خان اور معروف افسانہ نگار نذر الحسن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔12 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے علامہ سید شاہ تراب الحق قادری کے بھائی سید شاہ سیف اللہ خان اور اردو کے معروف افسانہ نگار نذر الحسن کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆